رومی بین الاقوامی سال

ان کے 800 ویں جشن پیدائش پر ترکی کی درخواست پر اقوام متحدہ کے ادارہ برائے تعلیم، ثقافت و سائنس یونیسکو نے 2007ء کو بین الاقوامی سالِ رومی قرار دیا۔ اس موقع پر یونیسکو تمغا بھی جاری کیا۔

28 اکتوبر سے یکم نومبر 2007 ء تک حضرت مولانا جلال الدین بلخی رومی کے 800 سالہ جشن ولادت کی تقریبات کے سلسلہ میں ایران میں پانچ روزہ عظیم عالمی کانگرس کا انعقاد ہوا جو دو روز تہران اور تین روز تک تبریز میں جاری رھی۔ کانگرس میں 30 ممالک کے تقریباً 80 اسکالر کے علاوہ کثیر تعداد میں ایرانی اسکالرز نے بھی شرکت کی۔

تہران میں اس عظیم کانگرس کا افتتاحی اجلاس بروز اتوار 28 اکتوبر 2007 ء کو ایران کے صدر محترم جناب آقای محمود احمدی نژاد کی زیر صدارت تہران کے کانفرنس ہال میں منعقد ھوا۔اجلاس کی ابتدا قرآن پاک کی آیات بینات سے ھوئی۔

کانگرس کے منتظم اعلی نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ صدر محترم نے اپنے طویل و مفید خطاب میں حضرت مولانا روم کی عالمگیر شخصیت اور ان

کے فلسفہ عشق پر جامع انداز میں روشنی ڈالی اور حاضرین و سامعین سے داد حاصل کی۔ استاد جلال ذوالفنون نے سہ تار پر مثنوی کے ابتدائی اشعار پیش کیے جس کے بعد افتتاحی اجلاس اختتام پزیر ھوا۔

30 اکتوبر 2007ء بروز منگل غیر ملکی مندوبین بذریعہ ہوائی جہاز حضرت شمش الدین تبریزی کے شہر تبریز روانہ ھوئے جہاں حضرت مولانا روم کے علاوہ حضرت شمس تبریزی کی یاد میں جشن شمس تبریزی کی تقریبات کا اہتمام کیا گیا تھا۔

تبریز کے گورنر نے اپنے صدارتی خطبہ میں حضرت مولانا روم اور حضرت شمس تبریزی کے بارے میں نہایت پر مغز گفتگو فرمائی اور اس اجلاس کا اختتام موسیقی کی تقریب سے ھوا جس میں ایرانی موسیقاروں نے موسیقی کے ساتھ مثنوی اور دیوان شمس کے اشعار پیش کیے۔

مذکورہ تقریبات میں پاکستان سے جسٹس جاوید اقبال، ان کی اہلیہ جسٹس ناصرہ جاوید اقبال، ڈاکٹر محمد اکرام شاہ، ڈاکٹر محمد سلیم مظہر، ڈاکٹر محمد ناصر، ڈاکٹر عفان سلجوق، ڈاکٹر طاہر حمید تنولی، ڈاکٹر خالدہ آفتاب، جناب افتخار احمد حافظ قادری اور مجلہ پیغام آشنا کے مدیر ڈاکٹر محمد سلیم اختر نے شرکت کی اور مقالات پیش کیے۔